## 11632 ـ نماز ادا كرنے كے بعد ياد آيا كے وضوء ٹوٹ گيا تھا

### سوال

ايك شخص نے اذان سے دس منٹ قبل وضوء كيا اور اسى وقت نماز ادا كرنے چلا گيا، اور دوسرے دن اسے ياد آيا كہ وضوء كرنے كے بعد تو اس كا وضوء ٹوٹ گيا تھا، اسے كيا كرنا چاہيے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

وضوء كرنے كے بعد اگر وضوء ٹوٹ گيا تھا تو جب بھى اسے ياد آئے تو نماز دوبارہ ادا كرے گا، كيونكہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" اللہ تعالى طہارت كے بغير نماز قبول نہيں فرماتا"

واللہ اعلم .